نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ مختلف شکل اور نئے جذبے کے ساتھ کل شروع ہوگا

- فیصل آباد میں ہونے والے ٹورنامنٹ میں چھ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

لاہور، 16 اپریل 2024:

نیشنل ویمنز ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ بدھ سے صنعتی شہر فیصل آباد میں شروع ہورہا ہے اس بار یہ ٹورنامنٹ مختلف شکل اور نئے جذبے کے تحت منعقد کیا جارہا ہے۔ گزشتہ سیزن تک یہ پنتالیس اوورز کا ٹورنامنٹ پاکستان کپ ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ کے نام سے منعقد ہوتا رہا ہے جس میں تین ٹیمیں بلاسٹرز، چیلنجرز اور ڈائنامائٹس حصہ لیتی رہی ہیں لیکن اس سال پاکستان کرکٹ بورڈ نے خواتین کرکٹ کے لیے اپنی مسلسل کوششوں اور فروغ کے اپنے عزم کے تحت اس ٹورنامنٹ میں چھ ریجنل ٹیموں کو شامل کیا ہے جو ڈبل لیگ کی بنیاد پر 50 اوورز کے میچز کھیلیں گی۔

اس ٹورنامنٹ میں شریک چھ ٹیمیں کراچی لاہور ملتان پشاور کوئٹہ اور راولپنڈی کو کم ازکم دس میچز کھیلنے کو ملیں گے۔

ٹورنامنٹ کی مجموعی انعامی رقم 22 لاکھ 45 ہزار روپے ہے۔

30 لیگ میچوں کے بعد دو سرفہرست ٹیمیں 11 مئی کو فائنل میں مدمقابل ہونگی جیتنے والی ٹیم سلور ٹرافی اور دس لاکھ روپے کی حقدار ہوگی۔ رنرز اپ ٹیم کو پانچ لاکھ روپے ملیں گے۔

اس اہم ایونٹ کے میچز جواد کلب کرکٹ گراؤنڈ، اقبال اسٹیڈیم اور بوہڑ نوالی کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے جائیں گے۔ سعید اجمل اکیڈمی گراؤنڈ کو ریزرو میں رکھا گیا ہے۔

عیمہ سہیل کراچی ریجن کی کپتانی کریں گی، لاہور کی قیادت کائنات حفیظ کریں گی، صائمہ ملک کوئٹہ کی کپتان ہونگی۔ ملتان کی کپتان ہمنہ بلال ہونگی۔ گل رخ پشاور اور ماہنور آفتاب راولپنڈی کی قیادت کریں گی۔

بدھ کے میچز میں کوئٹہ بمقابلہ راولپنڈی، جواد کرکٹ کلب گراؤنڈ؛ کراچی بمقابلہ ملتان، اقبال اسٹیڈیم؛ پشاور بمقابلہ لاہور، بوہڑ نوالی کرکٹ گراؤنڈ۔

جمعہ کے میچز میں کوئٹہ بمقابلہ پشاور، اقبال اسٹیڈیم؛ لاہور بمقابلہ کراچی، جواد کلب کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی بمقابلہ ملتان، بوہڑ نوالی کرکٹ گراؤنڈ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial